Städtische Bibliotheken Dresden

www.bibo-dresden.de

Sprache: Urdu

ڈرزڈن میونسپل لائبریریز کے استعمال سے متعلق معلومات

1. ڈرزڈن میونسپل لائبریریز میں خوش آمدید

آپ ہماری لائبریریوں کو مفت ملاحظہ کرسکتے ہیں۔ آپ لائبریری کی نشست گاہوں میں ہمار ے ذخیرۂ لائبریری سے بھی مفت استفادہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ ہماری مزید خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو ڈرزڈن میونسپل لائبریریز کا شناختی کارڈ حاصل کرنا ہو گا۔ یہ صارف کارڈ ڈرزڈن کی تمام لائبریریوں میں قابلِ استعمال ہے۔

اپنے صارف کارڈ سے آپ:

- ہماری لائبریریوں سے اشیاء مستعار لیں اور واپسی کی مدت میں توسیع کروائیں،
- انٹرنیٹ ورک سٹیشن، پلیئرز اور ڈیمانسٹریٹرز استعمال کرسکتے ہیں،
- ہماری آن لائن خدمات استعمال کریں اور مثال کے طور پر ای-کتب ڈاؤن لوڈ کریں

2. رجسٹریشن

صارف کارڈ حاصل کرنے کے لیے آپ کو لازماً لائبریری میں رجسٹر ہونا ہو گا۔ آپ صرف ذاتی حیثیت میں رجسٹر ہو سکتے ہیں۔ صارف کارڈ صرف کارڈ کا حامل فرد ہی استعمال کر سکتا ہے۔ کارڈ کا حامل فرد کسی غیر مجاز فرد کی طرف سے کارڈ کے غلط استعمال کے نتائج کا ذمہ دار ہو گا۔

2.1 رجسٹریشن کے لیے درکار دستاویزات

رجسٹریشن کے لیے، براہ مہربانی ہمیں درج ذیل دستاویزات فراہم کریں:

- نوجوانوں اوربالغوں کے لیے

شناختی کارڈ (مثلاً پاسپورٹ، رہائشی اجازت نامہ، عارضی رہائشی اجازت نامہ)
پتے کا ثبوت (رہائشی سرٹیفیکیٹ، ڈرزڈن پاس، رہائشی اجازت نامہ)

- نوجوان جو تاحال ذاتی شناختی کارڈ کے حامل نہیں

بچے کا شناختی کارڈ، طالب علم کا شناختی کارڈ (حامل ہذا کی تصویر کے ساتھ صرف پلاسٹک کارڈ ہی منظور شدہ ہے) یا نگران کے شناختی کارڈ کی نقل۔
چھ سال یا اس سے زائد عمر کے بچے رجسٹر ہو سکتے ہیں۔ 14سال سے کم عمر بچوں کے لیے نگران باقاعدہ دستخط کے ذریعے ذمہ داری قبول کرے گا۔

2.2 استعمال کی فیس

- 12 ماہ کے لیے فیس

خاندان (بشمول سبسکرائبر)	20.00€
بالغان	15.00€
خاندان (بشمول سبسکرائبر)	10.00€
بچے اور سترہ سال کی عمر تک کے نوجوان	مفت
ڈرزڈن پاس کے حامل (اجازت نامہ دِکھانے پر)	مفت

- 6 ماہ کے لیے فیس

بالغان	8.00€

2.3 ذاتی کوائف میں تبدیلی یا صارف کارڈ گم ہو جانے کی صورت میں
آپ کو لازماً اپنے ذاتی کوائف میں کسی بھی تبدیلی واقع ہونے کی صورت یا صارف کارڈ گم ہوجانے کی صورت میں لائبریری کو فوری رپورٹ کرنا ہو گی۔
متبادل صارف کارڈ کی قیمت:

• بالغان اور 14سال سے زائد عمر نوجوانوں کے لیے	5.00€
• بچوں کیلئے	2.50€

3. انٹرنیٹ کا استعمال

آپ ڈرزڈن میونسپل لائبریریز ویب سائٹ www.bibo-dresden.de پر ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ یہاں آپ میونسپل لائبریریوں کے استعمال کی شرائط، کھلنے کے اوقات، پتہ جات، ٹیلی فون نمبر، ان کی خصوصی خدمات، تقریبات اور متعلقہ افراد سے متعلق تفصیلی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

ہو م پیج سے آپ ڈرزڈن میونسپل لائبریریزکے آن لائن کیٹلاگ katalog.bibo-dresden.de پر جا سکتے اور درج ذیل خصوصی آن لائن پیشکش سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں:

- بچوں کے لیے: www.bibo-dresden.de/kinderseite
- ڈیجیٹل میڈیا کے لیے: www.ebibo-dresden.de

ایک رجسٹرڈ صارف ہونے کی حیثیت سے آپ اپنا صارف اکاؤنٹ آن لائن کیٹیلاگ کے ذریعے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اپنے صارف اکاؤنٹ پر رسائی کے لیے آپ کو لازماً اپنا صارف نمبر اور پاسوَرڈ داخل کرنا ہو گا۔ آپ اپنے صارف کارڈ پر اپنا صارف نمبر دیکھ سکتے ہیں۔ پہلے سے تیار شدہ پاسوَرڈ آپ کی تاریخ پیدائش کے پہلے چار ہندسوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ (تاریخ پیدائش: 09/08/1960:پاسوَرڈ 0908)۔ حفاظتی نقطہ نظر سے تجویز کیا جاتا ہے کہ آپ اپنا پاسوَرڈ تبدیل کر لیں۔

4. لائبریری سے باہر آئٹم کا استعمال

4.1 آئٹم مستعار لینا
کچھ میونسپل لائبریریوں میں ایسے خود-اجراء اسٹیشن بنائے گئے ہیں جہاں آپ خود آئٹم کے جاری ہونے اور واپسی کا اندارج کر سکتے ہیں جب کہ دیگر لائبریریوں میں آئٹم لائبریری اسٹاف کی طرف سے اجراء ڈیسک سے جاری کیے جاتے ہیں۔
دونوں صورتوں میں لائبریری سے کوئی بھی چیز جاری کرواتے ہوئے آپ کے پاس صارف کارڈ ہونا ضروری ہے۔
خود-اجراء اسٹیشن سے آئٹم جاری کرواتے ہوئے، اجراء کے عمل کو لازماً "End" کا بٹن دبا کر مکمل کریں۔ خود-اجراء اسٹیشن پر کوئی صارف اکاؤنٹ کھلا رہ جانے کی صورت میں اگر کسی غیر مجاز شخص نے اسے استعمال کر کے کسی آئٹم کو جاری کر کے نقصان پہنچایا تو اس کا ذمہ دار اکاؤنٹ کا حامل شخص ہو گا۔
کوئی آئٹم مستعار لیتے وقت آپ کو واپسی کی تاریخ کے ساتھ ایک پرچی جاری کی جاتی ہے اور آپ کو ہر انفرادی آئٹم اس کے مطابق واپس کرنا ہو گا۔ کسی آئٹم کی مدت واپسی سے متعلق ایک یادہانی ای میل یا ایس ایم ایس کے ذریعے بھی آپ کو ارسال کی جا سکتی ہے۔ لائبریری بنیادی طور پر اس اضافی خدمت کی ذمہ دار نہیں ہے۔

4.2 مستعار مدت

مستعار لیے گئے مختلف آئٹموں یا میڈیا کی مدتِ واپسی مختلف ہے:

• کتابیں، نقشے، کمبائنڈ میڈیا، زبان سے متعلق کورس، گیمز، نوٹس	4 ہفتے
• رسالے، اخبارات، سی ڈیز، ایم سیز، وڈیو کورس، سی ڈی روم، ایل پیز، کنسول گیمز	2 ہفتے
• ڈی وی ڈیز، بَلو رے ڈسک	1 ہفتہ

مستعار لیے گئے آئٹم کسی تیسرے فریق کو نہیں دیے جا سکتے۔

کوئی آئٹم مستعار لینے سے پہلے یہ یقین کر لیجیے کہ منتخب کردہ آئٹم درست حالت میں اور مکمل ہے اور اگر وہ ٹوٹا ہوا یا خراب ہے تو فوراً ہمارے اسٹاف کو آگاہ کریں۔

4.3 آئٹم کی واپسی

ہر مستعار لیا گیا آئٹم اپنی مدت واپسی تک لازماً واپس کر دیا جانا چاہیے۔ آپ ہر ایک آئٹم کی مدت واپسی اپنی جاری شدہ آئٹم کی لسٹ میں دیکھ سکتے ہیں اور وہ آپ کے اکاؤنٹ میں بھی موجود ہے۔ آئٹم کسی بھی میونسپل لائبریری میں کسی بھی شخص کے ذریعے واپس کیے جا سکتے ہیں۔

اگر کوئی آئٹم ایک ایسی میونسپل لائبریری میں واپس کیا گیا جس کی وہ ملکیت نہیں تھا تو ہر آئٹم کے لیے اضافی 20 سینٹ بطور ٹرانسپورٹ فیس دینا ہوں گے۔

4.4 مدت واپسی میں توسیع
کسی آئٹم کی مدت واپسی ختم ہونے سے پہلے اس میں اضافہ کیا جا سکتا ہے اگر ایسا نہ کرنے کی وجوہات موجود نہ ہوں (مثلاً کسی دوسرے صارف کی طرف سے اس آئٹم کا پہلے سے آرڈر کردیا جانا)۔ مدت واپسی میں توسیع بذریعہ ٹیلی فون، ذاتی طور پرلائبریری اسٹاف سے ڈیسک پر مل کر یا آن لائن کیٹلاگ katalog.bibo-dresden.de پر ہو سکتی ہے۔
براہ مہربانی پڑتال کر لیجیے کہ آیا آپ کے صارف اکاؤنٹ میں کامیابی کے ساتھ مدت واپسی میں توسیع ہو گئی ہے۔ شک کی صورت میں، آپ کا صارف اکاؤنٹ جو ظاہر کر رہا ہے وہی لاگو ہو گا۔

4.5 محفوظ کر لیے گئے یا آرڈر کر دیئے گئے آئٹم
مستعار لیے جانے والے آئٹم یا ایسے آئٹم جو صرف دیگر لائبریریوں میں دستیاب ہوں، آپ کی منتخب کردہ میونسپل لائبریری سے 1.20€ یورو فی آئٹم کی قیمت پر طلب کیے جا سکتے ہیں۔

لائبریری آپ کو خط، ای میل یا ایس ایم ایس کے ذریعے آگاہ کرے گی جب آپ یہ آئٹم حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کی منتخب کردہ لائبریری میں پہلے سے آرڈر شدہ آئٹم مہیا ہونے پر ایک ہفتہ تک آپ کے حصول کے لیے رکھے جاتے ہیں۔ اگر آپ آرڈر کردہ آئٹم نہیں لے کر جائیں گے تو آپ کو فیس بھی دینا ہو گی۔

4.6 مدت واپسی گزرجانے کی صورت میں جرمانے /نقصان شدہ آئٹم کا معاوضہ
مدت واپسی گزر جانے کی صورت میں ایسے آئٹموں پر جرمانہ لاگو ہو گا:

مدت واپسی گزر جانے پر فی دن اور فی آئٹم جرمانہ درج ذیل ہے:

- <u>وڈیو، ڈی وی ڈیز، بلو رے ڈسک</u>

بالغ اور نوجوان	1.50€
14سال سے کم عمر بچے	75 سینٹ

- <u>دیگر تمام آئٹموں کے لیے</u>

بالغ/نوجوان	20 سینٹ
14سال سے کم عمر بچے	10 سینٹ

اگر آئٹم واپس نہیں کیے جاتے تو آپ کو آپ ہی کے خرچ پر یادہانیاں ارسال کی جاتی رہیں گی۔

4.7 نقصان شدہ یا گم شدہ آئٹم
گم شدہ یا نقصان شدہ آئٹم لازماً تبدیل کیے جانے چاہیئیں۔ تبدیل کرنے کے عمل کے لیے 2.50€ یورو فیس ہر آئٹم پر لی جاتی ہے۔

4.8 فیس کی حد
ایک بار اگر کسی صارف اکاؤنٹ میں 10.00€ تک کے بقایا جات ہو جائیں تو پھر وہ کوئی مزید آئٹم نہیں لے سکتا، نہ ہی اس کے قبل ازیں لیے گئے آئٹم کی مدت واپسی میں توسیع ہو سکتی ہے اور نہ وہ لائبریریوں میں انٹرنیٹ استعمال کر سکتا ہے۔

5. عمومی معلومات

لائبریری اسٹاف درخواست کر سکتا ہے کہ بیگ، پُشتی بستے اور دیگر اقسام کے تھیلے یا بھاری بھرکم اشیاء اس مقصد کیلئے مخصوص لاکروں میں مقفل کر کے رکھے جائیں یا محفوظ رکھنے کیلئے انہیں دے دیے جائیں۔ لائبریری صرف ایسے نقصان کی ذمہ دار ہے جس میں دانستہ اور فاش غفلت پائی جائے۔

براہ مہربانی لائبریری میں اپنے قیام کے دوران دوسرے آنے والوں کا خیال رکھیں۔ خلل انگیز رویے اور جانوروں کا لائبریری میں لانا ممنوع ہے۔

لائبریری میں کھانے پینے کی اجازت اس کے لیے مخصوص کمروں ہی کے لیے ہے۔

اسٹاف کی طرف سے دی گئی ہدایات پر توجہ دیں۔

لائبریریوں میں موجود فوٹو کاپی مشینیں بیرونی خدمت کار کی ملکیت ہیں جو اس خدمت کی فیس لیتا ہے۔ صرف اس فوٹو کاپی کی اجازت ہو گی جوکاپی رائٹ قانون کے تحت جائز ہو۔

لائبریری کسی پلے بیک ڈیوائس یا کمپیوٹر کی کسی سافٹ ویئر یا ہارڈویئر (جیسے وائرس) کی وجہ سے نقصان کی ذمہ داری قبول نہیں کرتی ۔

آپ آئٹم کے استعمال یا لائبریری کے ضابطوں سے متعلق مزید تفصیلات متعلقہ اعلانات سے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

ہمارا اسٹاف آپ کے کسی بھی سوال کے جواب کے لیے دستیاب ہے۔